صُوْر = صور۔ جس کو اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن مخلوق کے مرنے اور زندہ کرنے کے لئے پھونکیں گے۔(اسم مشتق)

صُوَر = شکلیں۔ (اسم جمع) (واحد صورۃ ہے)

صَوَّرَ = اس نے صورت بنائی۔ پیدا کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

صُوْرَة = شکل۔ صورت۔ چہرہ۔ (سم واحد)(جمع صور ہے)

صَوَّرْنَا = ہم نے شکل بنائی- (ماضی- جمع متکلم)

صَوْم = روزہ- (اسم واحد) (جمع صیام ہے)

ص-ھ

صِھْر = سسرال- داماد- (اسم واحد) (جمع اصہار ہے)

ص-ی

صَیَاصِیْ = محفوظ مقام- قلعے- (اسم جمع) (واحد صیصیة ہے)

صِیَام = روزے رکھنا- (اسم جمع) (واحد صوم ہے)

صَیْد = شکار کرنا- (اسم مصدر)

صَیْف = موسم گرما- (اسم واحد) (جمع اصیاف ہے)

صَیِّب = بارش' جس میں بادل بھی گرج رہے ہوں- (اسم مشتق)

صَیْحَةٌ = چیخ- عذاب-ہلاکت-

(ض)

ض-ا

ضَائِق = تنگدل- بخیل- تنگ کرنے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

ضَاحِكٌ = ہنسنے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

ضَاحِكَةٌ = ہنسنے والی- (اسم فاعل- واحد مونث)

ضَارٌّ = بگاڑنے والا (اسم واحد) (جمع ضارین ہے)

ضَاقَ = وہ تنگدل ہوا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

ضَاقَتْ = وہ تنگ دل ہوئی- (ماضی- واحد مونث غائب)

ضَالٌّ = گمراہ- بھٹکنے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

ضَالِّیْنَ = گمراہ ہونے والے- (مراد نصاریٰ) (اسم فاعل- جمع مذکر)(واحد ضال ہے)

ضَامِرٌ = دبلا اونٹ- دبلا جانور- (اسم واحد)

ضَأْن = بھیڑ- (اسم واحد)

ض—ب

ضَبْح = گھوڑے کا ہانپنا۔ (اسم مصدر)

ض—ح

ضُحٰی = دن چڑھے۔ چاشت کا وقت۔ (اسم زمان)

ضَحِکَتْ = وہ ہنسی۔ (ماضی۔ واحد مونث غائب)

ض—د

ضِدٌّ = مخالفت۔ (اسم واحد) (جمع اضداد ہے)

ض—ر

ضُرٌّ = جسمانی تکلیف۔ بدحالی۔ بیماری۔ زخم۔ (اسم واحد) (جمع اضرار ہے)

ضَرٌّ = نقصان مادی یا معنوی۔ (نفع کی ضد)

ضَرَّاء = سخت محنت۔ تکلیفیں۔ (اسم مشتق)

ضِرَار = تکلیف دینا۔ ایک دوسرے کو نقصان دینا۔ (اسم مصدر)

ضَرْب = مارنا۔ مثال بیان کرنا۔ چلنا۔ (اسم مصدر)

ضَرَبَ = اس نے مارا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب۔ (ضَرَبَ کے بعدجب مثال کا لفظ آئے تب اس کا معنی بیان کرنا ہو گا جیسے ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً بیان کرتا ہے اللہ تعالی مثال)

ضُرِبَ = وہ مارا گیا۔ (ماضی مجہول۔ واحد مذکرغائب)

ضُرِبَتْ = وہ ماری گئی۔ (ماضی مجہول۔ واحد مونث غائب)

ضَرَبْتُمْ = تم نے مارا۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

ضَرَبْنَا = ہم نے مارا۔۔(ماضی۔ جمع متکلم)

ضَرَبُوْا = انہوں نے مارا کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

ضُرِبُوْا = وہ بیان کئے گئے۔ (ماضی مجہول۔ جمع مذکر غائب)

ضَرَرٌ = نقصان۔ (اسم واحد)(جمع اضرار ہے)

ضَرِيْع = خشک گھاس۔ زہر کی طرح ہوتی ہے جب تک ہری رہتی ہے جانور اس کو نہیں کھاتے۔ قیامت کے دن جہنمیوں کو بطور کھانا پیش کی جائے گی۔ (اسم)

ض—ع

ضِعَاف = ناتواں۔ کمزور۔ (اسم جمع) (واحد ضعیف ہے)

ضُعْف = کمزوری۔ (اسم مشتق)

ضِعْف = مانند۔ دو مثل۔ (اسم واحد) (جمع اضعاف ہے)

ضَعُفَ = وہ کمزور ہوا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

ضُعَفَاء = کمزور- (اسم جمع) (واحد ضعیف ہے)

ضَعُفُوْا = وہ کمزور ہوئے- (ماضی- جمع مذکرغائب)

ضِعْفَيْن = دو گنا- (اسم تثنیہ) (واحد ضعف اور جمع اضعاف ہے)

ضَعِيْف = ناتوان- سست- (اسم واحد) (جمع ضِعَاف و ضعفاء ہے)

ضِغْثٌ = جھاڑو- شاخوں کا مٹھا- (اسم واحد) (جمع اضغاث ہے)

ضَفَادِع = مینڈک- (اسم جمع) (واحد ضفدع ہے)

ضَلَّ = وہ راہ بھولا- وہ گمراہ ہوا-(ماضی- واحد مذکرغائب)

ضَلَال = گمراہی- ضلالت- (اسم مشتق)

ضَلَالَة = راہ بھولنا- (اسم مصدر)

ضَلَلْتُ = میں راہ بھولا- (ماضی- واحد متکلم)

ضَلَلْنَا = ہم راہ بھولے-(ماضی- جمع متکلم)

ضَلُّوْا = وہ راہ بھولے- (ماضی- جمع مذکر غائب)

ضَنْكًا = تنگ- تنگی- (اسم مصدر)

ضَنِيْن = بخیل- (اسم فاعل)

ضِيَاء = روشنی- نور- (اسم جمع) (واحد ضوء ہے)

ضَيْر = نقصان- تنگی- (اسم مشتق)

ضِيْزٰى = ظالمانہ تقسیم- نا انصافی- (اسم صفت)

ضَيْفٌ = مہمان- (اسم واحد) (جمع ضیوف

ضَيْقٌ = دل کی تنگی- گھیر لینا- (اسم مصدر)

ضَيِّق = تنگ- بخیل- (اسم صفت)

(ط)

ط - ا

طَائِر = فال بد- اڑنے والا- ایک مخصوص پرندہ جس سے اچھا یا برا شگون لیں- (اسم فاعل- واحد مذکر)

طَائِعِيْنَ = فرمانبرداری کرنے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر- بحالت نصبی و جری)

طَائِف = پھرنے والا- محافظ قلعہ- محافظ شہر- (اسم فاعل- واحد مذکر)

طَائِفَة = پھرنے والی- (اسم فاعل- واحد مونث)

طَائِفَتَانِ = دو گروہ- (اسم فاعل- تثنیہ مذکر و مونث- رفعی حالت)

طَائِفَتَيْنِ = دو گروہ- (اسم فاعل- تثنیہ مذکر و مونث- نصبی جری)

طَائِفِيْنَ = پھرنے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر- رفعی حالت)

طَابَ = وہ پاک ہوا- خوش ہوا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

طَارِدٌ = دھتکارنے والا- ہانکنے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

طَارِقٌ = رات کا آنے والا- زحل تارا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

طَاعَة = فرمانبرداری- (اسم مصدر)

طَاعِمٌ = کھانے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

طَاغُوْت = شیطان- سرکش بت- کافروں کا پیشوا- (اسم واحد) (جمع طواغ و طواغیت ہے)

طَاغُوْنَ = سرکش- شریر- (اسم فاعل - جمع- واحد طاغی ہے)

طَاغِيَةٌ = حد سے بڑھنے والی- زور دار آواز- (اسم فاعل- واحد مونث)

طَاغِيْنَ = شریر- سرکش- (اسم جمع) (واحد طاغ ہے)

طَافَ = وہ پھرا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

طَاقَةٌ = قوت- (اسم مشتق)

طَالَ = اس نے لمبی گزاری- (ماضی- واحد مذکرغائب)

طَالِب = ڈھونڈھنے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

طَالُوْت = بنی اسرائیل کے ایک مسلمان بادشاہ کانام-

طَامَّة = ہنگامہ- غلبہ کرنے والی یعنی قیامت-

(اسم فاعل)

ط ـ ب

طِبَاق = تہ بہ تہ- تہ کے اندر تہ- (اسم جمع) (واحد طبقة ہے)

طِبْتُمْ = تم پاک ہوئے- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

طَبَعَ = اس نے مہر لگائی- (ماضی- واحد مذکرغائب)

طُبِعَ = مہر لگائی گئی- (ماضی مجہول- واحد مذکرغائب)

طَبَقٌ = منزل- درجہ- تہ- پرت- (اسم واحد) (جمع اطباق ہے)

طِبْنَ = وہ پاک ہوئیں- وہ خوش ہوئیں- (ماضی- جمع مونث غائب)

ط ـ ح

طَحٰی = اس نے بچھایا- (طحو بچھانا) (اسم مصدر) (ماضی- واحد مذکرغائب)

ط ـ ر

طَرَائِق = راہیں- فرقے-

طَرِيْق = راستے- طریقے- (اسم جمع) (واحد طريقة ہے)

طَرَدْتُّ = میں نے ہانکا- (ماضی- واحد متکلم)

طَرَفٌ = جماعت کا ٹکڑا- (اسم واحد) (جمع اطراف ہے)

طَرْف = نگاہ- آنکھ- کنارہ- (اسم مشتق)

طَرَفَیْ = دو کنارے- (اسم تثنیہ) (واحد طرف اور جمع اطراف ہے- اصل میں طَرَفَیْنِ تھا "نون" اضافت کی وجہ سے گر گیا-)

طَرِیٌّ = تازہ- تازگی- (اسم مشتق)

طَرِيْق = راہ- (اسم واحد) (جمع طرق ہے)

طَرِيْقَة = روشن راہ- (اسم واحد) (جمع طرائق ہے)

ط ـ س

طٰسٓ = حروف مقطعات- (واللہ اعلم بالصواب)

طٰسٓمّٓ = حروف مقطعات- (واللہ اعلم بالصواب)

ط ـ ع

طَعَام = کھانا- (اسم مشتق)

طَعْم = مزہ-ذائقہ- (اسم واحد)(جمع طعوم ہے)

طَعِمْتُمْ = تم نے کھایا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

طَعِمُوْا = انہوں نے کھایا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

طَعْن - عیب کرنا- نیزہ مارنا- (اسم مصدر)

طَعَنُوْا - انہوں نے عیب کیا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

ط-غ

طَغٰی - وہ حد سے بڑھا- اس نے سرکشی کی- (ماضی- واحد مذکر غائب)

طَغَوْا - انہوں نے حد سے تجاوز کیا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

طَغْوٰی - سرکشی- نافرمانی-

طُغْیَان - سرکشی کرنا- (اسم مصدر)

ط-ف

طَفِقَ - اس نے شروع کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

طَفِقَا - ان دونوں نے شروع کیا- (ماضی- تثنیہ مذکر غائب)

طِفْل - لڑکا- (اسم واحد) (جمع اطفال ہے)

ط-ل

فَطَلٌّ - اوس- شبنم- (اسم واحد) (جمع طلال ہے)

طَلَاق - عورت کو نکاح سے باہر کرنا- طلاق دینا- (اسم مصدر)

طَلَبٌ - تلاش کرنا- (اسم مصدر)

طَلْحٌ - کیلا- کیلے کا درخت- (اسم واحد)

طَلْعٌ - کھجور کا درخت- (اسم واحد)

طَلَعَتْ - وہ چمکی- نکلی- (ماضی- واحد مونث غائب)

طَلَّقَ - اس نے طلاق دی- (ماضی- واحد مذکرغائب)

طَلَّقْتُمْ - تم نے چھوڑ دیا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

طَلَّقْتُمُوا - تم نے چھوڑ دیا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

طَلِّقُوْا - تم چھوڑ دو- (امر- جمع مذکر حاضر)

طُمِسَتْ - وہ مٹائی گئی- (ماضی مجہول. واحد مونث غائب)

طَمَسْنَا - ہم نے مٹایا- کھودا- (ماضی- جمع متکلم)

طَمَعٌ - حرص- توقع- آرزو- (اسم مشتق)

طُوٰی - پاکیزہ- ملک شام کی ایک وادی کا نام ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رسالت ملی- اس کو وادی مقدس اور وادی ایمن بھی کہتے ہیں-

(اسم علم)

طَوَّافُوْنَ - طواف کرنے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

طُوْبٰی - خوبی - جنت کے درخت کانام ہے۔

طَوْد - بڑا پہاڑ۔ ٹیلہ۔ (اسم جامد)

طُوْرِسِیْنَآ - کوہ طور۔ جو وادی ایمن میں ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی تھی۔

طَوْعٌ - تابعداری۔ (اسم مصدر)

طَوَّعَتْ - اس نے فرمانبردار کیا۔ (ماضی۔ واحد مونث غائب)

طُوْفَان - باد و باراں۔ تیز آندھی۔ (اسم مشتق)

طُوْل - دراز ہونا۔ (اسم مصدر)

طَوْل - فراخی۔ احسان رکھنا۔ بزرگی۔ (اسم مشتق)

طَوِیْل - لمبا۔ (اسم واحد) (جمع طوال ہے)

طٰهٰ - حروف مقطعات۔

طَهَّرَ - اس نے پاک کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

طَهِّرْ - تو پاک کر (امر۔ واحد مذکر حاضر)

طَهِّرَا - تم دونوں پاک کرو۔ (امر۔ تثنیہ مذکر حاضر)

طَهُوْر - پاک کرنے والا۔ (اسم فاعل۔ واحد مذکر)

طَيٌّ - لپیٹنا۔ (اسم مصدر)

طَيِّبٌ - پاکیزہ۔ (اسم واحد) (جمع طیبون ہے)

طَيِّبَاتٌ - پاکیزہ چیزیں۔ (اسم جمع) (واحد طیبة ہے)

طَيِّبَةٌ - پاکیزہ۔ (اسم واحد) (جمع طیبات ہے)

طَيِّبُوْنَ - پاک لوگ۔ (اسم جمع) (واحد طیب ہے)

طَيْر - پرندہ۔ چڑیا۔ (اسم واحد و جمع)

طِيْن - گیلی مٹی۔ (اسم واحد)

ظَالِمٌ - بے رحم۔ (اسم واحد)(جمع ظالمون ہے)

ظَالِمَةٌ - ظلم کرنے والی- (اسم فاعل- واحد مونث)

ظَالِمُوْنَ - بے انصاف- (اسم جمع) (واحد ظالم ہے)

ظَانِّيْن - گمان بد کرنے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر)

ظَاهِرٌ - کھلا- غالب- اللہ تعالیٰ کا نام- (اسم فاعل- واحد مذکر)

ظَاهِرَة - کھلی آنکھ- (اسم واحد) (جمع ظاهرات ہے)

ظَاهَرُوْا - انہوں نے مدد کی- (ماضی- جمع مذکر غائب)

ظَاهِرِيْن - زبردست- غالب ہونے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر- بصلہ عَلٰی)

ظَعْن - سفر کرنا- چلنا- (اسم مصدر)

ظُفُرٌ - ناخن- (اسم واحد) (جمع اظفار ہے)

ظ-ل

ظِلٌّ - سایہ- (اسم واحد) (جمع ظلال ہے)

ظَلَّ - وہ تمام دن ہوا- (ماضی- واحد مذکر غائب- فعل ناقص)

ظِلَال - سائے- (اسم جمع) (واحد ظل ہے)

ظَلَّام - ظالم- (اسم مبالغہ)

ظُلَّةٌ - سائبان- (اسم واحد) (جمع ظلل ہے)

ظَلَّتْ - وہ ہوئی- وہ رہی- (ماضی- واحد مونث غائب- فعل ناقص)

ظَلْتَ - تو ہوا- تو رہا- (ماضی- واحد مذکر حاضر- فعل ناقص)

ظَلْتُمْ - تم ہوئے- سارا دن رہے- (ماضی- جمع مذکر حاضر- فعل ناقص)

ظُلَلٌ - سائبان- (اسم جمع) (واحد ظلة ہے)

ظَلَّلْنَا - ہم نے سایہ کیا- (ماضی- جمع متکلم)

ظُلْمٌ - بے انصافی- ستم- (اسم مصدر)

ظَلَمَ - اس نے ظلم کیا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

ظُلِمَ - وہ ظلم کیا گیا- (ماضی مجہول- واحد مذکر غائب)

ظُلُمَات - اندھیرے- (اسم جمع) (واحد ظلمة ہے)

ظُلْمَة - اندھیری- (اسم واحد) (جمع ظلمات ہے)

ظَلَمَتْ - اس نے ظلم کیا- (ماضی- واحد مونث غائب)

ظَلَمْتُ - میں نے ظلم کیا۔(ماضی۔ واحد متکلم)

ظَلَمْتُمْ - تم نے ظلم کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

ظَلَمُوْا - انہوں نے ظلم کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

ظُلِمُوْا - وہ ظلم کئے گئے۔ (ماضی مجہول۔ جمع مذکر غائب)

ظَلُّوْا - وہ سارے دن ہوئے۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب۔ فعل ناقص)

ظَلُوْم - بے انصاف۔ (اسم مشتق)

ظَلِیْلٌ - سایہ کرنے والا۔ (اسم فاعل۔ واحد مذکر)

ظ — م

ظَمْآءٌ - پیاسا ہونا۔ (اسم مصدر)

ظَمْاٰن - پیاسا۔ (اسم واحد) (جمع ظماء ہے)

ظَنٌّ - گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ (اسم مصدر)

ظَنَّ - اس نے گمان کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

ظَنَّا - ان دونوں نے گمان کیا۔(ماضی۔ تثنیہ مذکرغائب)

ظَنَنَّا - ہم نے گمان کیا۔(ماضی۔ جمع متکلم)

ظَنَنْتُ - میں نے گمان کیا۔ (ماضی۔ واحد متکلم)

ظَنَنْتُمْ - تم نے گمان کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

ظَنُّوْا - انہوں نے گمان کیا۔(ماضی۔ جمع مذکر غائب)

ظُنُوْنَ - سب گمان۔ (اسم جمع) (واحد ظن ہے)

ظَهَرَ - وہ ظاہر ہوا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

ظَهْر - پیٹھ۔ (اسم واحد) (جمع ظهران ہے)

ظُهُوْر - پیٹھیں۔ ظاہر ہونا۔ (اسم جمع۔ اسم مصدر)

ظِهْرِیٌّ - پیٹھ کے پیچھے ڈالا گیا۔ (اسم واحد) (جمع ظهاری ہے)

ظَهِیْرٌ - سہارا دینے والا۔ مدد گار۔ پشت۔ سواری۔ (اسم فاعل)

ظَهِیْرَةٌ - وقت دوپہر۔ (اسم واحد)(جمع ظهائر ہے)

(ع)

ع-۱

عَائِدُوْنَ - پھرنے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر)

عَائِلٌ - محتاج- عیال دار- (اسم فاعل مذکر)

عَابِدٌ - عبادت کرنے والا- (اسم واحد- جمع عُبَّاد ہے)

عَابِدَاتٌ - عبادت کرنے والیاں- (اسم فاعل- جمع مونث- واحد عَابِدَةٌ ہے)

عَابِدُوْنَ - عبادت کرنے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر)

عَابِرِیْ - چلنے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر- اصل میں عَابِرِیْنَ تھا- "نون" اضافت کی وجہ سے گر گیا)

عَابِرٌ - چلنے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عَاتِیَةٌ - حد سے گزرنے والی- (اسم فاعل- واحد مونث)

عَاجِلَةَ - دنیا کی مزدوری جلدی دینا- (اسم فاعل- واحد مونث- مذکر عَاجِلٌ)

عَادِ - حد سے تجاوز کرنے والا-(اسم فاعل- واحد مذکر- اصل میں عَادِیْ تھا تخفیف کی وجہ سے "ی" گر گئی)

عَادَ - ہود علیہ السلام کی قوم کا نام- (اسم علم)

عَادَ - دو اشخاص کے نام عَادِ اُوْلٰی و عَادِ ثَانِیْ - عَادِ اُوْلٰی قوم ہود بن عوص بن سام بن نوح علیہ السلام کو کہتے ہیں عَادِ ثَانِیْ بنو ثمود کو کہتے ہیں جو عَادِ اُوْلٰی کی ہلاکت کے وقت مکہ میں تھے

عَادَ - وہ پھر گیا- لوٹا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عَادُوْا - وہ پھر گئے- پلٹ گئے- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عَادُوْنَ - سرکش لوگ- (اسم فاعل- جمع مذکر)

عَادِیَات - تیز دوڑنے والے اونٹ اور گھوڑے- (واحد عادیة ہے- جمع مونث سالم)

عَادَیْتُمْ - تم نے دشمنی رکھی- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عَادِیْنَ - گننے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر)

عَارِضٌ - پراگندہ- عذاب کی بدلی- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عَاشِرُوْا - تم زندگانی بسر کرو- (امر- جمع مذکر حاضر)

عَاصِفٌ - آندھی- (اسم صفت)

عَاصِفَة - تیز چلنے والی ہوا- (اسم فاعل- واحد مونث)

عَاصِفه - سخت ہوا- (اسم واحد) (جمع عاصفات ہے)

عَاصِمٌ - بچانے والا- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عَافِيْن - درگذر کرنے والے- (عَنْ کے صلہ سے- اسم فاعل- جمع مذکر)

عَاقَبَ - اس نے بدلہ لیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عَاقِبَه - پیچھے آنے والی- آخرت- (اسم فاعل- واحد مونث)

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ - آخرت کی نیکیاں متقین کے لئے ہیں- (اسم فاعل- واحد مونث)

عَاقَبْتُمْ - تم نے عذاب کیا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عَاقِبُوْا - تم عذاب کرو- (امر- جمع مذکر حاضر)

عَاقِرٌ - بانجھ- بوڑھی عورت- (اسم واحد) (جمع عقر و عواقر ہے)

عَاكِفٌ - اوندھا- معتکف- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عَاكِفُوْنَ - بند رہنا- رکے رہنا- معتکف-(اسم فاعل- جمع مذکر)

عَالِمٌ - دانا- جاننے والا- (اسم واحد) (جمع علماء ہے)

عَالِمُوْنَ - جاننے والے- (اسم فاعل- جمع مذکر- بحالت رفعی)

عَالَمِيْنَ - ساری مخلوقات- جن اور آدمی وغیرہ- (اسم جمع) (واحد عالم ہے)

عَالِيْ - بلند-سرکش- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عَالِيَة - بڑی بلند- اونچی- (اسم فاعل- واحد مونث- جمع عالیات ہے)

عَالِيَهُمْ - اان کے اوپر کا لباس- (اسم فاعل- واحد مذکر- مضاف مضاف الیہ)

عَالِيْنَ - بڑے مرتبہ والے- سرکش- (اسم فاعل- جمع مذکر)

عَام - برس- (اسم واحد) (جمع اعوام ہے)

عَامِل - کام کرنے والا- مفلس- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عَامِلَة - کام کرنے والی- محنت کرنے والی- (اسم فاعل- واحد مونث)

عَامِلُوْنَ - کام کرنے والے- زکاۃ و عشر اکٹھی کرنے والے کارندے- (اسم فاعل- جمع مذکر)

عَامَيْنِ - دو برس- (اسم تثنیہ- واحد عام اور جمع اعوام ہے- بحالت نصبی و جری)

عَاهَدَ - اس نے اقرار کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عَاهَدْتَّ - تو نے اقرار کیا-(ماضی- واحد مذکر

حاضر)

عَاهَدْتُّمْ - تم نے اقرار کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عَاهَدُوْا - انہوں نے اقرار کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

ع — ب

عِبَاد - بندے۔ غلام۔ (اسم جمع) (واحد عبد ہے)

عِبَادَةٌ - بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔ (اسم مشتق)

عَبَثٌ - کھیل۔ بے سود۔ (اسم مشتق)

عَبْد - بندہ۔ (اسم واحد) (جمع عباد ہے)

عَبْدُاللّٰه - اللہ کا بندہ یعنی محمد ﷺ۔ (مرکب اضافی)

عَبَدَ - اس نے عبادت کی۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

عَبَدْتَّ - تو نے بندہ بنایا۔ تو نے غلام بنایا۔ (ماضی۔ واحد مذکر حاضر)

عَبَدْتُّمْ - تم نے عبادت کی۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عَبَدْنَا - ہم نے عبادت کی۔ (ماضی۔ جمع متکلم)

عَبْدَيْنَ - دو بندے۔ (اسم تثنیہ۔ واحد عبد اور جمع عباد ہے۔ بحالت نصی و جری)

عِبْرَة - نصیحت پکڑنا۔ (اسم مصدر)

عَبَسَ - اس نے منہ ترش کیا۔ تیوری چڑھائی۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

عَبْقَرِيٌّ - قیمتی بچھونا۔ ("ی" نسبتی ہے جنوں کے مسکن کی طرف) (اسم واحد)

عَبُوْس - اداس۔ بہت سخت مراد قیامت۔ (اسم مشتق)

عَبِيْد - غلام بندے۔ (اسم جمع)(واحد عبد ہے)

ع — ت

عَتَتْ - اس نے سرکشی کی۔ (ماضی۔ واحد مونث غائب)

عُتُلٌّ - بدخو۔ کڑی طبیعت۔ (اسم مشتق)

عُتُوٌّ - شرارت۔ سرکشی کرنا۔ (اسم مصدر)

عَتَوْا - انہوں نے سرکشی کی۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

عَتِيٌّ - اکڑا ہوا۔ سرکش۔ (اسم واحد) (جمع اعتاء ہے)

عَتِيْد - تیار۔ موجود۔ (اسم مشتق)

عَتِيْق - پرانا۔آزادکیاہوا۔ (صفت مشبہ۔ واحد مذکر)

اَلْبَيْتُ الْعَتِيْق - خانہ کعبہ۔ کیونکہ لوگوں کے قبضہ سے آزاد کیا گیا اور لوگوں کو جہنم کے

عذاب سے آزاد کرنے والا ہے۔ (مرکب توصیفی)

ع ـ ث

عُثِرَ - خبر کی گئی۔ اطلاع دی گئی۔ (ماضی مجہول۔ واحد مذکرغائب)

ع ـ ج

عُجَاب - تعجب میں ڈالنے والا۔ (اسم مبالغہ)

عِجَاف - دبلے۔ لاغر۔ (اسم جمع) (واحد عَجِيْفٌ ہے)

عَجَبٌ - بہت خوش۔ (اسم واحد) (جمع اعجاب ہے)

عَجِبْتَ - تو نے تعجب کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکر حاضر)

عَجِبْتُمْ - تم نے تعجب کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عَجِبُوْا - انہوں نے تعجب کیا۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

عَجَزْتُ - میں عاجز ہوا۔ (ماضی۔ واحد متکلم)

عِجْلٌ - گائے کا بچہ۔ بچھڑا۔ (اسم واحد) (جمع عجول ہے)

عَجَلٌ - جلدی کرنا۔ (اسم مصدر)

عَجَّلَ - اس نے جلدی کی۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

عَجِّلْ - تو جلدی کر۔ (امر۔ واحد مذکر حاضر)

عَجِلْتُ - میں نے جلدی کی۔ (ماضی۔ واحد متکلم)

عَجِلْتُمْ - تم نے جلدی کی۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عَجَّلْنَا - ہم نے جلدی کی۔(ماضی۔ جمع متکلم)

عَجُوْز - بڑھیا۔ (اسم واحد) (جمع عجز و عجایز ہے)

عَجُوْل - جلد باز۔ (اسم فاعل۔ مبالغہ)

عَجِيْب - نادر۔ (اسم مشتق)

ع ـ د

عَدَّ - گننا۔ شمار کرنا۔ (اسم مصدر)

عَدَّ - اس نے گنا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

عِدْ - تو وعدہ کر۔ (امر۔ واحد مذکر حاضر)

عَدَاوَة - دشمنی۔ (اسم مصدر)

عِدَّة - گنتی۔ عورت کے سوگ کی مدت۔ مطلقہ تین ماہ یا تین حیض عدت۔ بیوہ چار ماہ دس دن۔ مطلقہ یا بیوہ حاملہ لڑکا جننے تک۔(اسم واحد) (جمع عِدَدٌ ہے)

عُدَّة - سامان۔ (اسم واحد)(جمع عُدَدٌ ہے)

عُدْتُّمْ - تم نے پھر کیا۔ تم دوبارہ لوٹے۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عَدَّدَ - اس نے گن گن رکھا- اس نے شمار کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)
عَدَسٌ - مسور- (اسم جمع) (واحد عدسة ہے)
عَدْل - برابر کرنا- انصاف کرنا- (اسم مصدر)
عَدَلَ - اس نے برابر کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)
عَدْنٌ - ہمیشہ رہنے کی جگہ- جنت- (اسم- ظرف مکان)
عُدْنَا - ہم پھر لوٹے- (ماضی- جمع متکلم)
عَدْوٌ - زیادتی- شرارت- (اسم مشتق)
عَدُوٌّ - دشمن- (اسم واحد)(جمع اعداء ہے)
عُدْوَان - ظلم- زیادتی- (اسم مشتق)
عُدْوَةٌ - وادی کا کنارہ جو دور بھی ہو اور بلند بھی- (اسم مشتق)

ع-ذ

عَذَاب - سزا- (اسم واحد)(جمع اعذبة ہے)
عَذْبٌ - میٹھا- (اسم مشتق)
عَذَّبَ - اس نے سزا دی- (ماضی- واحد مذکرغائب)
عَذَّبْنَا - ہم نے سزا دی- (ماضی- جمع متکلم)
عُذْتُ - میں نے پناہ لی- (ماضی- واحد متکلم)
عُذْر - بہانہ- الزام- (اسم واحد) (جمع اعذار ہے)

ع-ر

عَرَاء - صاف میدان- جس میں گھاس نہ ہو- (اسم واحد) (جمع اعراء ہے)
عُرُب - پیار والی عورتیں- جو خاوند پر عاشق ہوں- (اسم جمع) (واحد عَرُوْب ہے)
عَرَبِيٌّ - عرب والا- (اسم منسوب)
عُرْجُوْن - گھاس- کھجور کی سوکھی شاخ- (اسم واحد) (جمع عراجین ہے)
عَرْش - چھت- تخت- اللہ تعالی کا تخت- (اسم واحد) (جمع عُرُوْش ہے)
عَرْض - چوڑائی- (اسم واحد) (اسم مصدر) (جمع عروض ہے)
عَرَض - عزت یا مال- سامان دنیا- سونے اور چاندی کے سوا- (اسم واحد)(جمع اعراض ہے)
عَرَضَ - اس نے پیش کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)
عُرْضَة - نشانہ- حیلہ- ڈھال- (اسم مشتق)
عَرَّضْتُمْ - تم نے پردے میں چھپایا- تم نے اشارہ میں کہا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)
عَرَضْنَا - ہم نے ظاہر کیا-(ماضی- جمع متکلم)
عُرِضُوْا - وہ ظاہر کئے گئے- (ماضی مجہول- جمع مذکر غائب)
عَرَفَ - اس نے پہچانا- (ماضی- واحد

مذکر غائب)

عَرَّفَ - اس نے معلوم کروایا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

عُرْف - مشہور- نیکی- احسان- (اسم مشتق)

عَرَفَات - عرفات- (اسم مکان) مکہ سے نو کوس پر ایک جگہ ہے- بروز عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کو حاجی وہاں کھڑے ہو کر لبیک اور دعا پڑھتے ہیں وہیں نماز ظہر اور عصر ادا کرکے مکہ کو لوٹتے ہیں-

عَرَّفْتَ - تو نے پہنچوایا- معلوم کروایا- (ماضی- واحد مذکر حاضر)

عَرَفْتَ - تو نے پہچانا-(ماضی- واحد مذکر حاضر)

عَرَفُوْا - انہوں نے پہچانا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عَرِم - سخت سیلاب کی رو- جنگلی نر چوہا- (اسم مشتق)

عُرْوَة - گوشہ- آبخورے کا دستہ- (اسم مشتق)

عُرُوْش - تخت- چھتیں- (اسم جمع) (واحد عرش ہے)

عَرِيْض - چوڑا- (اسم واحد) (جمع عرض ہے)

ع-ز

عِزٌّ - بزرگی- (اسم مشتق)

عَزَّ - وہ غالب ہوا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

عِزَّة - اقبال- زور- (اسم مشتق)

عَزَّرْتُمُوْا - تم نے مدد کی- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عَزَّزْنَا - ہم نے قوت دی- (ماضی- جمع متکلم)

عَزَّرُوْا - انہوں نے قوت دی- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عَزَلْتَ - تو نے کنارہ پکڑا- (ماضی- واحد مذکر حاضر)

عَزَمَ - وہ مستعد ہوا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

عَزْم - ہمت- قصد- (اسم مشتق)

عَزَمْتَ - تو نے ارادہ کیا- (ماضی- واحد مذکر حاضر)

عَزَمُوْا - انہوں نے قصد کیا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عُزّٰى - بت یا درخت تھا- جس کو ظہور اسلام سے پہلے بنو مسلم وغیرہ کفار عرب پوجتے تھے- اس کو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بحکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیست و نابود کردیا- (اسم علم)

عُزَيْر - پیغمبر ہیں- جو بنی اسرائیل شرخیا کے بیٹے سبط لاوی سے ہیں جو نسب میں ہارون بن عمران تک پہنچتے ہیں- یہودی ان کو نادانی سے اللہ کا بیٹا کہتے ہیں-

عَزِيْزٌ - عزت والا- غالب- زبردست- اللہ

تعالٰی کانام- (اسم واحد) (جمع اعزاز و اعزاء و اعزۃ ہے)

عِزِیْن - گروہ در گروہ- جماعت- (اسم تثنیہ) (واحد عزۃ اور جمع عزی ہے)

ع — س

عَسٰی - امید- قریب- شاید- (فعل مقاربہ)

عُسْر - تنگی- سختی- (اسم مشتق)

عَسِرَ - سخت ہوا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عُسْرٰی - سختی- تنگدستی- (اسم تفضیل- واحد مونث)

عُسْرَۃٌ - دشواری- تنگدستی- (اسم مشتق)

عَسْعَسَ - رات آئی- رات گزاری - (ماضی- واحد مذکر غائب)

عٓسٓقٓ - حروف مقطعات- (واللہ اعلم بالصواب)

عَسَلٌ - شہد- (اسم واحد)(جمع اعسال ہے)

عَسَیْتُمْ - تم نے امید کی- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عَسِیْر - مشکل- (اسم صفت)

یَوْمٌ عَسِیْرٌ - روز قیامت- (مرکب توصیفی)

ع — ش

عِشَاء - رات کی نماز- (اسم واحد) (جمع عشی و عشایا ہے)

عِشَار - اونٹنیاں- دس ماہ کی حاملہ جننے کے قریب- (اسم جمع) (واحد عشراء ہے)

عَشْر - دس عورتیں- (اسم عدد)

عَشْرَۃ - دس مرد- (اسم عدد)

عِشْرُوْنَ - بیس- (اسم عدد- بحالت رفعی)

عَشِی - شام کا وقت- (اسم جمع) (واحد عشیۃ ہے)

عَشِیَّۃ - شام- مغرب سے عشاء تک کا وقت- (اسم واحد) (جمع عشی ہے)

عَشِیْر - رفیق- خاوند- (اسم واحد) (جمع عشراء ہے)

عَشِیْرَۃ - قبیلہ- برادری کے لوگ- گھرانہ- (اسم واحد) (جمع عشائر و عشیرات ہے)

ع — ص

عَصَا - لاٹھی- چھڑی- (اسم واحد) (جمع عصی ہے)

عَصٰی - اس نے انکار کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عُصْبَۃ - گروہ- دس سے چالیس تک یا تیں سے چالیس تک- (اسم واحد) (جمع عصب ہے)

عَصْر - زمانہ- سہ پہر- نماز عصر- (اسم واحد) (جمع عصور ہے)

عَصْفٌ - سخت ہوا۔ بھوسا۔ ہلاک کرنا۔ (اسم مصدر) (اسم جمع) (واحد عصوف ہے)

عِصَم - نکاح۔ ناموس۔ عقد۔ (اسم جمع) (واحد عصمۃ ہے)

عَصَوْا - انہوں نے نافرمانی کی۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

عِصِیّ - لاٹھیاں۔ (اسم جمع) (واحد عصا ہے)

عَصِیّ - نافرمان۔ (اسم واحد) (جمع عصیون ہے)

عِصْیَان - گناہ۔ (اسم مشتق)

عَصِیْب - سخت۔ دشوار۔ (اسم واحد) (جمع عصب ہے)

عَصَیْتَ - تو نے نافرمانی کی۔ (ماضی۔ واحد مذکر حاضر)

عَصَیْتُمْ - تم نے نافرمانی کی۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عَصَیْنَا - ہم نے نافرمانی کی۔ (ماضی۔ جمع متکلم)

ع—ض

عَضُدٌ - بازو۔ قوت۔ (اسم واحد) (جمع اعضاد ہے)

عَضُّوْا - انہوں نے دانتوں سے کاٹا۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)

عِضِیْنَ - بوٹیاں۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ (اسم جمع) (واحد عضا ہے)

عَطَاء - بخشش دینا۔ بخشنا۔ (اسم مصدر)

عِطْف - بازو۔ طرف۔ پہلو۔ (اسم واحد) (جمع اعطاف و عطاف و عطوف ہے)

عُطِّلَتْ - وہ چھوڑی گئی۔ (ماضی مجہول۔ واحد مونث غائب)

ع—ظ

عِظْ - تو نصیحت کر۔ (امر۔ واحد مذکر حاضر)

عِظَام - ہڈیاں۔ (اسم جمع) (واحد عظم ہے)

عَظْم - ہڈی۔ (اسم واحد) (جمع عظام ہے)

عِظُوْا - تم نصیحت کرو۔ (امر۔ جمع مذکر حاضر)

عَظِیْم - مرتبہ والا۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔ (اسم صفت)

ع—ف

عَفَا - اس نے معاف کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکر غائب)

عِفْرِیْت - دیو۔ (اسم واحد)(جمع عفاریت ہے)

عَفُوٌّ - گناہ معاف کرنے والا۔ (اسم۔ صفت

مبالغہ)

عَفْو - ضرورت سے زائد مال- معاف کرنا- جبکہ "با" کا صلہ ہو-

عَفَوْا - انہوں نے معاف کیا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عَفَوْنَا - ہم نے معاف کیا-(ماضی- جمع متکلم)

عُفِيَ - وہ معاف کیا گیا- (ماضی مجہول- واحد مذکرغائب)

ع-ق

عِقَابٌ - سزا- عذاب- (اسم مصدر)

عَقْب - اولاد- نسل- ایڑی- (اسم واحد) (جمع اعقاب ہے)

عُقْبٰی - آخرت- بدلہ- (اسم تفضیل- واحد مونث)

عُقْبَة - پہاڑ کی چوٹی- گھاٹی- جہاں سے مشکل سے اتر چڑھ سکیں- (اسم واحد)(جمع عقبات ہے)

عَقِبَيْ - دو ایڑیاں- (اسم تثنیہ- بحالت نصبی و جری- واحد عقب اور جمع اعقاب ہے)

عُقَدْ - گرہیں- (اسم جمع) (واحد عقد ہے)

عَقْد - گرہ- نکاح- عہد و پیمان- (اسم مصدر)

عُقْدَة - گرہ- (اسم مشتق)

عَقَدَتْ - اس عورت نے عہد باندھا- (ماضی- واحد مونث غائب)

عَقَّدْتُّمْ - تم نے باندھا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عَقَرَ - اس نے کوچیں کاٹیں- اس نے پاؤں کاٹے- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عَقَرُوْا - انہوں نے پاؤں کاٹے- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عَقَلُوْا - انہوں نے سمجھا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عُقُوْد - اقرار- (اسم جمع) (واحد عقد ہے)

عَقِيْمٌ - بانجھ- (مرد یا عورت) خشک- لڑائی- روز قیامت (اسم واحد) (جمع عقائم و عقم ہے)

عَلٰی - اوپر- (حرف جر)

عَلَا - اس نے سرکشی کی- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عُلٰی - بلند- (اسم تفضیل- جمع مونث واحد عُلْیٰ)

عَلَّامٌ - بڑا جاننے والا- (اسم مبالغہ)

عَلَامَات - نشانیاں- (اسم جمع) (واحد علامة ہے)

عَلَانِيَة - کھلا- (اسم مصدر)

عَلَقٌ - خون کی پھٹکی- (اسم مصدر)

عَلَقَة - خون بندھا ہوا- (اسم واحد) (جمع علق ہے)

عِلْم - جاننا- (اسم واحد) (جمع علوم ہے)

عَلِمَ - اس نے معلوم کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عَلَّمَ - اس نے سکھایا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

عُلَمَاء - عالم- دانا- (اسم جمع) (واحد عالم ہے)

عَلِمَتْ - اس نے جانا- (ماضی- واحد مونث غائب)

عَلِمْتَ - تو نے جانا- (ماضی- واحد مذکر حاضر)

عَلَّمْتَ - تو نے سکھایا- (ماضی- واحد مذکر حاضر)

عَلَّمْتُ - میں نے سکھایا- (ماضی- واحد متکلم)

عَلَّمْتُمْ - تم نے سکھایا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عُلِّمْتُمْ - تم سکھائے گئے- (ماضی مجہول- جمع مذکر حاضر)

عَلِمْتُمُوْا - تم نے جانا- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

عَلِمْنَا - ہم نے جانا- (ماضی- جمع متکلم)

عَلَّمْنَا - ہم نے سکھایا- (ماضی- جمع متکلم)

عُلِّمْنَا - ہم سکھائے گئے- (ماضی مجہول- جمع متکلم)

عَلِمُوْا - انہوں نے جانا- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عُلُوٌّ - چڑھنا- بلند ہونا- (اسم مصدر)

عَلَوْا - وہ غالب ہوئے- انہوں نے سرکشی کی- (ماضی- جمع مذکر غائب)

عَلِيٌّ - اللہ تعالی کانام- بلند مرتبے والا- (اسم واحد) (جمع علیون ہے)

عُلْيَا - بہت اوپر- (اسم تفضیل- واحد مونث)

عَلِيْمٌ - اللہ تعالی کاصفاتی نام- جس کا علم عرش و فرش تک محیط ہے- (اسم فاعل- واحد مذکر)

عِلِّيُّوْنَ - عِلِّيِّيْنَ - نیکوں کی روح کا مقام جو ساتویں آسمان پر عرش کے داہنے پایہ سے لے کر سدرۃ المنتہی تک ہے- (اسم جمع- بحالت نصبی وجری) (واحد علی ہے)

عَلَيْهِمْ - ان پر- "علی" حرف جار ہے ھم اس کی ضمیر جمع مذکر کے لئے)

ع—م

عَمَّ - کس چیز سے- اس کی اصل عن ما تھی- عن سے ما (کس چیز) "نون" کو میم کرکے ادغام کیا- الف گرا دیا-

عَمٌّ - چچا۔ (اسم واحد) (جمع اعمام و عمومة ہے)
عَمٰی - اندھا پن۔ (اسم صفت)
عَمَّاتٌ - پھوپھیاں۔ (اسم جمع) (واحد عمة ہے)
عِمَاد - کھمبے۔ بلند عمارتیں۔ ستون۔ (اسم جمع) (واحد عمد ہے)
عِمَارَةٌ - آباد کرنا۔ (اسم مصدر)
عَمَدٌ - ستون۔ کھمبا۔ (اسم واحد)(جمع عماد ہے)
عُمُر - جینا۔ زندگی۔ (اسم مشتق) مگر یہ بالفتح قسم کے ساتھ خاص ہے۔
عَمْر - جان۔ (اسم واحد)(جمع اعمار ہے)
عِمْرَان - دو اشخاص کے نام۔ ایک حضرت موسیٰ و حضرت ہارون علیہ السلام کے باپ تھے جن سے یہ دونوں حضرات آل عمران کہلاتے ہیں۔ یہ عمران مایش کے بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ دوسرے حضرت مریم علیہا السلام کے باپ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نانا تھے۔ جن سے حضرت مریم و حضرت عیسیٰ علیہ السلام آل عمران کہلاتے ہیں یہ عمران ماتان کے بیٹے حضرت سلیمان علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ (اسم علم)
عُمْرَةٌ - زیارت۔ چھوٹا حج۔ (اسم واحد) (جمع عمر و عمرات ہے)
عَمَرُوْا - انہوں نے بسایا۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)
عَمَل - کام۔ (اسم واحد)(جمع اعمال ہے)
عَمِلَ - اس نے کام کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)
عَمِلَتْ - اس نے کام کیا۔ (ماضی۔ واحد مونث غائب)
عَمِلْتُمْ - تم نے کام کیا۔ (اسم فاعل۔ واحد مذکر)
عَمِلُوْا - انہوں نے کام کئے۔ انہوں نے عمل کئے۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)
عَمُوْا - وہ اندھے ہوئے۔ (ماضی۔ جمع مذکر غائب)
عَمُوْنَ - دل کے اندھے۔ (اسم جمع) (واحد عَمِی ہے)
عُمْی - اندھے۔ (اسم جمع) (واحد اعمی ہے)
عَمِیَ - وہ اندھا ہوا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)
عُمْیَان - اندھے۔ (اسم جمع) (واحد اعمی ہے)
عَمِیَتْ - وہ اندھی ہوئی۔ (ماضی۔ واحد مونث غائب)
عُمِّیَتْ - وہ چھپائی گئی۔ (ماضی مجہول۔ واحد مونث غائب)
عَمِیْقٌ - گہرا۔ (اسم واحد) (جمع عُمُق و

عُمْق و عماق ہے)

عَمِیْن - دل کے اندھے۔ (اسم جمع) (واحد اعمی ہے)

ع—ن

عَنْ - سے۔ (حرف جار)

عِنَبٌ - انگور۔ (اسم واحد) (جمع اعناب ہے)

عَنَتٌ - مشقت۔ (اسم مشتق)

عَنَتْ - وہ جھکی۔ اس نے عاجزی کی۔ (ماضی۔ واحد مونث غائب)

عَنِتُّمْ - تم مشکل میں پڑے۔ (ماضی۔ جمع مذکر حاضر)

عِنْدَ - نزدیک۔ (اسم ظرف)

عُنُق - گردن۔ (اسم واحد) (جمع اعناق ہے)

عَنْکَبُوْت - مکڑی۔ (اسم واحد) (جمع عناکب ہے)

عَنِیْد - دشمن۔ ضد کرنے والا۔ ناحق لڑنے والا۔ (اسم صفت) (جمع عند ہے)

ع—و

عَوَانٌ - میانہ سال۔ ادھیڑ عمر۔ (اسم واحد) (جمع عون ہے)

عِوَج - عیب۔ بدخلق۔ ٹیڑھ پن۔ (اسم مشتق)

عَوْرَات - شرمگاہیں۔ ننگے ہونے کے وقت۔ (اسم جمع) (واحد عَوْرَۃ ہے)

عَوْرَۃ - پردہ۔ شرمگاہ۔ ننگا کھلا۔ وہ چیز جس کے دکھانے میں شرم محسوس ہو۔ (اسم واحد)(جمع عورات ہے)

عُوْقِبَ - وہ سزا دیا گیا۔(ماضی مجہول۔ واحد مذکرغائب)

عُوْقِبْتُمْ - تم سزا دیئے گئے۔ (ماضی مجہول۔ جمع مذکر حاضر)

عَھْد - اقرار۔ قول۔ (اسم واحد) (جمع عھود ہے)

عَھِدَ - اس نے اقرار کیا۔ (ماضی۔ واحد مذکرغائب)

عَھِدْنَا - ہم نے اقرار کیا۔ (ماضی۔ جمع متکلم)

عِھْن - رنگین اون۔ رنگین بال۔ (اسم واحد) (جمع عھون ہے)

عِیْدٌ - مسلمانوں کی خوشی کا دن۔ (اسم واحد) (جمع اعیاد ہے)

عِیْر - قافلہ۔ (اسم واحد) (جمع عیرات ہے)

عِیْسٰی - پیغمبر کانام۔ حضرت مریم علیہا السلام کے بیٹے بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔ زندہ چوتھے

آسمان پر گئے۔ (اسم علم)

عِيْشَةٌ = گزران۔ زندگی۔ جینا۔ (اسم مصدر)

عَيْلَة = محتاجی۔ فقر و فاقہ۔

عِيْن = بڑی آنکھوں والیاں۔ موٹی آنکھوں والیاں۔

عَيْن = چشمہ۔ آنکھ۔ سورج۔ (اسم واحد) (جمع عیون ہے)

عَيْنَانِ = دو چشمے۔ دو آنکھیں۔ (اسم تثنیہ۔ بحالت رفعی) (واحد عین اور جمع عیون ہے)

عَيْنَيْنِ = دو آنکھیں۔ (اسم تثنیہ۔ بحالت نصی و جری) (واحد عین اور جمع عیون ہے)

عُيُوْنٌ = آنکھیں۔ چشمے۔ (اسم جمع) (واحد عین ہے)

عَيِيْنَا = ہم تھک گئے۔ عاجز ہوئے۔(ماضی۔ جمع/ تثنیہ متکلم)

اَفَعَيِيْنَا = کیا ہم تھک گئے۔ (ماضی۔ جمع متکلم)

(غ)

غ—ا

غَائِبَة = چھپنے والی۔ (اسم فاعل۔ واحد مونث)

غَائِبُوْنَ = چھپنے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

غَائِبِيْنَ = چھپ رہنے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

غَائِط = کشادہ۔ زمین۔ پاخانہ۔ (اسم مکان)

غَائِظُوْنَ = غصے میں ڈالنے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

غَابِرُوْنَ = پیچھے رہنے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

غَابِرِيْنَ = پیچھے رہنے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

غَارٌ = کھوہ۔ گڑھا۔ غار۔ (اسم واحد) (جمع اغوار ہے)

غَارِمِيْنَ = تاوان دینے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر)

غَاسِقٌ = رات کا اندھیرا۔ چاند گرہن۔ (اسم فاعل۔ واحد مذکر)

غَاشِيَةٌ = چھپانے والی۔ قیامت۔ (اسم فاعل۔ واحد مونث)

غَافِر = گناہ چھپانے والا۔ بخشنے والا۔ (اسم فاعل۔ واحد مذکر)

غَافِرِيْنَ = گناہ چھپانے والے۔ (اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ بحالت نصی و جری)

غَافِلٌ - بے خبر- (اسم فاعل) (جمع غافلون ہے)

غَافِلَاتٌ - بے خبر عورتیں- (اسم جمع) (واحد غافلة ہے)

غَالِبٌ - زبردست- (اسم واحد) (جمع غالبون ہے)

غَاوُوْنَ - گمراہ- (اسم جمع) (واحد غاوی ہے)

غ ـ ب

غَبَرَةٌ - گرد و غبار- (اسم مصدر)

غ ـ ث

غُثَاءً - سوکھی گھاس- کوڑا- (اسم واحد) (جمع اغثاء ہے)

غ ـ د

غَدٌ - آئندہ- کل- قیامت- (اسم)

غَدَاء - صبح کا کھانا- (اسم واحد) (جمع اغدیة ہے)

غَدَاةٌ - صبح کا وقت- (اسم واحد) (جمع غدوات ہے)

غَدَق - بہت پانی والا چشمہ-

غُدُوّ - صبح کے وقت جانا- (اسم مصدر)

غَدَوْا - وہ صبح کو چلے- (ماضی- جمع مذکر غائب)

غَدَوْتَ - تو صبح کو چلا- (ماضی- واحد مذکر حاضر)

غَرَّ - اس نے فریب دیا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

غُرَابٌ - کوا- (اسم واحد) (جمع غربان ہے)

غَرَابِیْب - کالے- سیاہ کوے- (اسم جمع) (واحد غراب ہے)

غَرَام - تاوان- حرص- (اسم جمع) (واحد غریم ہے)

غَرَبَتْ - وہ ڈوبی- (ماضی- واحد مونث غائب)

غَرَبِیّ - مغرب کی طرف والا- (اسم منسوب)

غَرْبِیَّةِ - مغرب والی- (اسم واحد) (جمع غرائب ہے)

غَرَّتْ - اس نے فریب دیا- (ماضی- واحد مذکر غائب)

غُرَفٌ - بالا خانہ- روشن دان- (اسم واحد) (جمع غرفات ہے)

غُرُفَاتِ - جھروکے- کھڑکیاں- (اسم جمع) (واحد غرف ہے)

غُرْفَةٌ - چلو بھر پانی- (اسم واحد) (جمع غرفات ہے)

غَرْقٌ - پانی میں ڈوبنا- (اسم مصدر)

غُرُوْبٌ - آفتاب ڈوبنا- (اسم مصدر)

غُرُوْرٌ - فریب دینا- (اسم مصدر)

غَرُوْر - فریب دینے والا- (صیغہ مبالغہ- واحد)

غ ـ ز

غُزًّی - مجاہد- اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والے- (اسم جمع) (واحد غازی ہے)

غَزْلٌ - سوت- دھاگا- (اسم مصدر)

غ ـ س

غَسَّاق - پیپ- (اسم مشتق)

غَسَقَ - اس نے اندھیرا کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

غِسْلِیْن - زخم کا دھوون- (اسم مشتق)

غ ـ ش

غَشَاوَةٌ - ڈھانپنا- چھپانا- (اسم مصدر)

غِشَاوَةٌ - غلاف- آنکھ کا پردہ- (اسم مصدر)

غَشٰی - اس نے چھپایا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

غ ـ ص

غَصَبٌ - چھین لینا- (اسم مصدر)

غُصَّةٌ - خفگی- گلے میں پھنسنا- (اسم واحد) (جمع غصص ہے)

غَضَبٌ - غصہ کرنا- (اسم مصدر)

غَضِبَ - اس نے غصہ کیا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

غَضْبَان - غصہ سے بھرا ہوا- (اسم صفت)

غَضِبُوْا - وہ غصہ ہوئے- (ماضی- جمع مذکر غائب)

غِطَاء - پردہ- اندھیری- (اسم واحد) (جمع اغطیة ہے)

غَفَّار - بڑا بخشنے والا- (اسم مبالغہ)

غَفَرَ - اس نے بخشا- (ماضی- واحد مذکرغائب)

غُفْرَان - بخشش- (اسم مصدر)

غَفَرْنَا - ہم نے بخشا- (ماضی- جمع متکلم)

غَفْلَة - بے خبری- بھول- (اسم مصدر)

غَفُوْر - بخشنے والا- (اسم مبالغہ)

غِلٌّ = دشمنی- کینہ- (اسم مشتق)

غَلَّ = اس نے چھینا- خیانت کی- (ماضی- واحد مذکرغائب)

غِلاَظ = بے رحم فرشتے- (اسم جمع) (واحد غلیظ ہے)

غُلاَم = لڑکا- (اسم واحد)(جمع غلمان ہے)

غُلاَمَیْنِ = دو لڑکے- (اسم تثنیہ- بحالت نصی و جری) (واحد غلام اور جمع غلمان ہے)

غُلْبٌ = گھنے- ملے ہوئے درخت- (اسم جمع) (واحد اغلب ہے)

غَلْبٌ = طاقت- زور- (اسم مشتق)

غَلَبَتْ = وہ غالب آئی- (ماضی- واحد مونث غائب)

غُلِبَتْ = وہ مغلوب کی گئی- (ماضی مجہول- واحد مونث غائب)

غَلَبُوْا = وہ زبردست ہوئے- (ماضی- جمع مذکر غائب)

غُلِبُوْا = وہ مغلوب کئے گئے- (ماضی مجہول- جمع مذکر غائب)

غُلَّتْ = وہ باندھی گئی- (ماضی مجہول- واحد مونث غائب)

غِلْظَةٌ = سختی- (اسم مشتق)

غُلْف = پردہ- (اسم جمع) (واحد غلاف ہے)

غَلَّقَتْ = اس نے باندھا- بند کیا- (ماضی- واحد مونث غائب)

غِلْمَان = لڑکے- چھوٹے بچے- (اسم جمع) (واحد غلام ہے)

غُلُّوْا = تم گردن میں طوق ڈالو- (امر- جمع مذکر حاضر)

غَلْیٌ = دیگ کا جوش مارنا- (اسم مصدر)

غَلِیْظٌ = سخت- گاڑھا- (اسم صفت)

غ—م

غَمٌّ = تنگی- رنج- (اسم واحد) (جمع غموم ہے)

غَمْرَة = سختی- بے ہوشی- (اسم واحد) (جمع غمَرات ہے)

غَمَرَات = بے ہوشیاں- سختیاں- (اسم جمع) (واحد غمرۃ ہے)

غُمَّة = فکر- رنج- (اسم واحد) (جمع غمم ہے)

غَمَام = بادل- (اسم جمع) (واحد غم ہے)

غَنَمٌ = بکری- (اسم واحد) (جمع اغنام ہے)

غَنِمْتُمْ = تم لوٹ لائے- (ماضی- جمع مذکر حاضر)

غَنِیٌّ = بے پرواہ- اللہ تعالیٰ کانام- (اسم واحد) (جمع اغنیاء ہے)